ilmkidunya
علم کی دنیا

Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 10 Short Questions Preparation

Q1. تفریط زر کے چار اثرات بیان کریں.

Ans 1: پیداوار میں کمی ہوجاتی ہے

Ans 2: بےروزگاری میں اضافہ ہوجاتا ہے

Ans 3: لوگ زر نقد جمع کرنا پسند کرتےہیں

Ans 4: معاشی ترقی کی رفتار کم ہوجاتی ہے۔.

Q2. پروفیسر کلبرون کے الفاظ میں بارٹر سسٹم کی تعریف کریں.

Ans 1: "براہ راست تبادلہ کے نظام میں اشیاء کی قیمتیں دوسری اشیاء کی صورت میں ظاہر کی جاتی ہیں".

Q3. قانونی زر سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسا زر جسے قانونی حیثیت حاصل ہو یعنی جسے لوگ عام لین دین اور قرضوں کی ادائیگی میں قانونا قبول کرنے کے پابند ہوں. اگر کوئی شخص اسے قبول کرنے سے انکار کرے تو وہ مجرم تصور کیا جاتا ہے اور سزا کا مستحق قرار دیا جاتا ہے.

Q4. براہ راست مبادلہ کی چار مشکلات تحریر کریں.

Ans 1: ضروریات کی دو طرفہ عدم مطابقت

Ans 2: مشترکہ معیار قدر کا نہ ہونا

Ans 3: زخیرہ قدر میں دقت

Ans 4: اشیاء کی عدم تقسیم پذیری

Q5. تفریط زر کی تعریف کریں

Ans 1: "تفریط زر سے مراد ایسی صورت حال ہے جب اشیاء خدمات کی مقدار کے مقابلے میں زر کی مقدار کم ہوجانے سے اشیاء خدمات کی قیمتیں کم ہورہی ہوتی ہیں لوگوں کی آمدنیاں گررہی ہوتی ہیں اور بے روزگاری بڑھ رہی ہوتی ہیں."

Q6. افراط زر کے چار اسباب بیان کریں.

Ans 1: مقدار زر میں اضافہ

Ans 2: اشیاء طلب میں اضافہ

Ans 3: مصارف پیدائش میں اضآفہ

Ans 4: آبادی میں اضافہ

Q7. نظریہ مقدار زر کے مفروضات بیان کریں.

Ans 1: اشیاء کی مقدار تبدیل نہ ہو

Ans 2: زر کی رفتار گردش میں تبدیل نہ ہو

Ans 3: براہ راست مبادلہ کی مقدار میں تبدیل نہ ہو

Ans 4: نیا جاری ہونے والا زر استعمال میں اجائے

Q8. قریب زر سے کیا مراد ہے

Ans 1: ایسا زر جو کہ نقد شکل میں نہ ہو جسے لین دین کے معاملے میں فوری طور پر استعما نہ کیا جاسکتاہو البتہ قریب زر کو تھوڑی سی کوشش کے بعد نقد شکل میں تبدیل کرایا جاسکتا ہے. بنکوں میں رکھی گئی بچت امانتیں ، میعادی امانتیں ، سرکاری کفالتیں اور کاروباری اداروں کے حصص قریب زر ہیں.

Q9. بدل بذیرکاغذی زر سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسا کاغذی زر جو ملک کے معیاری یا مستند دھاتی زر کے بدلے میں تبدیل کرایا جاسکے بدل پذیری زر کہلاتا ہے.

Q10. زے کے ارتقائی مراحل تحریر کریں.

Ans 1: اشیاء زر یا اجناس زر

Ans 2: دھاتی زر

Ans 3: کاغذی زر

Ans 4: اعتباری زر